ساری زندگی غلط نمازیں پڑھیں تو کیا حکم ہے؟

مجیب: ابوالفیضان عرفان احمد مدنی

فتوی نمبر: WAT-1649

تاریخ اجراء: 26شوال المکرم1444ھ/17مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص ساری زندگی نماز پڑھتا رہا، لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ وہ غلط نماز پڑھتا تھا (نماز کی شرطیں پوری نہ ہوئیں۔ یا عمل کثیر کرتا ہو، وغیرہ وغیرہ) تو کیا اس کو اعادہ کرنا پڑے گا یا قضا؟ نیز اس کا طریقہ بھی بتا دیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر کسی شخص نے نماز کی شرائط میں سے کسی شرط کو پورا نہ کیا، مثلاً طہارت، ستر عورت وغیرہ کو شرعی طور پر مکمل نہ کیا یا نماز میں کوئی ایسا عمل کیا، جس سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، تو اس طرح جتنی نمازیں پڑھی ہیں، ان تمام نمازوں کا لوٹانا فرض ہو گا۔

اور اگر جان بوجھ کر کوئی واجب ترک کیا یا بھولے سے واجب چھوڑا اور سجدہ سہو نہیں کیا، تو ایسی تمام نمازیں واجب الاعادہ ہوں گی۔

لہذا ایسے شخص کو حکم ہے کہ ظن غالب کرے، یعنی اچھی طرح سوچے کہ کتنی نمازیں میری اس طرح فاسد ہوئیں، ان کو ادا کرے یا کتنی واجب الاعادہ ہوئیں، ان کا اعادہ کرے۔

نیز ظن غالب کرنے کے بعد ان تمام نمازوں کو ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جتنی نمازیں فاسد ہوئیں ان میں فرض کی اور جو واجب الاعادہ ہوئیں ان میں واجب الاعادہ کی نیت کرے، اگر ادا کرنے والی نمازیں زیادہ ہوں، تو آسانی کیلئے اگر یُوں بھی ادا کرے تو جائز ہے کہ ہر رکوع اور ہر سجدے میں تین تین بار " سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْعَظِیْم ' سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی " کی جگہ صرف ایک ایک بار کہے۔ مگر یہ ہمیشہ اور ہر طرح کی نماز میں یاد رکھنا چاہئے کہ جب رُکوع میں پورا پہنچ جائے، اُس وقت سُبحٰن کا " سین " شُروع کرے اور جب عظیم کا " میم " ختم کر چکے، اُس وقت رُکوع سے سر اٹھائے۔ اِسی طرح سَجدے میں بھی کرے۔ ایک تخفیف (یعنی کمی) تو یہ ہوئی۔

اور دوسری یہ کہ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رَکْعَت میں اَلحمد شریف کی جگہ فقط "سُبْحٰنَ اللہِ" تین بار کہہ کر رُکوع کرلے۔ مگر وِتر کی تینوں رکعتوں میں اَلحمد شریف اور سُورت دونوں ضَرور پڑھی جائیں۔

یاد رکھئے! تخفیف (یعنی کمی) کے اس طریقے کی عادت ہر گز نہ بنائیے، معمول کی نمازیں سنّت کے مطابق ہی پڑھئے اور ان میں فرائض و واجبات کے ساتھ ساتھ سنن اور مستحبات و آداب کی بھی رعایت کیجئے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net